باب 11: رشوت مت دیں، بدعنوانی کی اطلاع دیں

رشوت مت دیں

ہانگ کانگ میں رشوت ایک جرم ہے۔ ایک ملازم کیلئے یہ رشوت کا جرم ہے، چاہے وہ کسی سرکاری ملازمت میں ہو یا نجی شعبے میں، اگر وہ اپنے اختیار کو غلط استعمال کرنے کی خاطر کوئی فائدہ مانگتا یا قبول کرتا ہے۔ جو رشوت کی پیش کرتا ہے وہ بھی مجرم ہوتا ہے۔ رشوت ستانی کے تدارک کے قانون (PBO) کے مطابق، ایک فائدہ کسی بھی قدر کی حامل شے کا حوالہ دیتا ہے، جیسا کہ کوئی تحفہ، انعام، کمیشن، قرض، دفتر، خدمت اور جانبداری ہے۔ ***ایک فائدہ کی پیشکش کرنے، طلب کرنے، قبول کرنے کی زیادہ سے زیادہ سزا سات سال کی جیل اور HK$500,000 جرمانہ ہے!***

رشوت کی دو مثالیں ذیل میں دی گئی ہیں۔

سرکاری خدمت کے لئے درخواست دینا

ایک رہائشی نے سرکاری خدمت کے لئے درخواست جمع کرائی ہے۔ جلد سے جلد خدمت حاصل کرنے کے خواہشمند، رہائشی اس عمل کو تیز کرنے کے لئے سرکاری افسر کو ایک تحفہ پیش کرتا ہے۔ رہائشی نے PBO کے تحت رشوت کی پیش کش کرنے کا جرم کیا ہے کیونکہ ہانگ کانگ حکومت کی جانب سے اس کے افسران کو تحفہ مانگنے یا قبول کرنے کے کوئی منظوری نہیں دی جائے گی۔ اگر سرکاری افسر درخواست پر عمل کاری کرنے کیلئے انعام کے طور پر تحفہ قبول کر لیتا ہے، تو وہ بھی رشوت کے جرم کا مرتکب ہو گا۔

ایک ملازمت تلاش کرنا

ملازمت کا متلاشی ملازمت حاصل کر سکنے کے لئے کسی کمپنی کے مینیجر کو HK$3,000

کی پیش کش کرتا ہے۔ ملازمت کا متلاشی PBO کے تحت ایک جرم کے لئے جوابدہ ہو گا، جبکہ منیجر بھی قانون کی خلاف ورزی کرے گا اگر وہ، اپنی کمپنی کی اجازت کے بغیر، کمپنی کے کاروبار سے متعلق رقم قبول کرتا ہے۔

بدعنوانی کی اطلاع دیں

بدعنوانی عدم انصاف/زیادتی کو جنم دیتی ہے اور ہماری زندگیوں پر بری طرح سے اثر انداز ہوتی ہے۔ بدعنوانی کو برداشت مت کریں اور بدعنوانی کے خلاف آزادانہ کمیشن (ICAC) کو اس کی اطلاع دیں۔

- انگریزی کے علاوہ دوسری زبانوں میں ترجمانی کی خدمات کا بندوبست کیا جا سکتا ہے۔
- آپ کی مہیا کردہ شناخت اور معلومات کو رازداری میں رکھا جائے گا۔
- رپورٹیں درج ذیل کے ذریعے کی جا سکتی ہیں:

1) بذریعہ فون: 24 (**25 266 366**-گھنٹے ہاٹ لائن)

2) بذات خود: ICAC رپورٹ سنٹر (24 گھنٹے سروس) یا کسی بھی ICAC علاقائی دفتر

3) بذریعہ ڈاک: GPO Box 1000, Hong Kong

بدعنوانی کے خلاف آزادانہ کمیشن

- ICAC ہانگ کانگ میں آزادانہ اور پوری طرح وقف انسداد بدعنوانی کی ایجنسی ہے۔ یہ مؤثر قانون کے نفاذ، روک تھام اور تعلیم کے ذریعے بدعنوانی سے لڑتی ہے۔



ICAC رپورٹ سنٹر اور علاقائی دفاتر

MTR ایگزٹ	ہاٹ لائن	پتہ	مرکز/علاقائی دفتر
Quarry Bay Station Exit C	25 266 366	G/F, 303 Java Road North Point, Hong Kong	ICAC Report Centre (24 hour)
Wan Chai Station Exit C	2519 6555	Unit 3, G/F East Town Building 16 Fenwick Street Wanchai, Hong Kong	Hong Kong East
Sheung Wan Station Exit C	2543 0000	G/F, Harbour Commercial Building 124 Connaught Road Central, Sheung Wan Hong Kong	Hong Kong West/Islands
Kowloon Bay Station Exit A	2756 3300	Shop No. 9, G/F Chevalier Commercial Centre, 8 Wang Hoi Road Kowloon Bay, Kowloon	Kowloon East/Sai Kung
Yau Ma Tei Station Exit C	2780 8080	G/F, Nathan Commercial Building 434-436 Nathan Road Yau Ma Tei, Kowloon	Kowloon West
Sha Tin Station Exit A1/B	2606 1144	G06-G13, G/F, Sha Tin Government Offices 1 Sheung Wo Che Road, Sha Tin, NT	New Territories East
Long Ping Station Exit C	2459 0459	G/F, Fu Hing Building, 230 Castle Peak Road, Yuen Long, NT	New Territories North West
Tsuen Wan Station Exit A3	2493 7733	Shop B1, G/F Tsuen Kam Centre 300-350 Castle Peak Road Tsuen Wan, NT	New Territories South West

ICAC علاقائی دفاتر کے کھلنے کے اوقات:

9:00 صبح- 7:00 بجے شام، پیر تا جمعہ

(ہفتہ، اتوار اور عوامی تعطیلات پر چھٹی)

متنوع نسل کے لوگوں کے لیے ICAC موضوعاتی ویب صفحہ، جو انگریزی اور آٹھ دیگر زبانوں میں دستیاب ہے، "ہانگ کانگ میں رشوت ستانی سے کیا مراد ہے" اور بدعنوانی کی اطلاع دینے کے ذرائع کے بارے میں معلومات پر مشتمل ہے۔

https://www.icac.org.hk/icac/race_eq/index.html

ICAC ویب سائٹ: www.icac.org.hk